## وزیر داخلہ رحمان ملک کا الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ
## کراچی میں بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار
## کراچی کے عوام خود دیکھیں گے اور قاتلوں کے خلاف حکومتی ایکشن نظر بھی آئے گا، رحمان ملک
## متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کرتی رہیں گی

اسلام آباد۔۔۔17، اکتوبر2010ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے کراچی میں بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور کراچی میں قیام امن کے سلسلے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے جناب الطاف حسین کو کراچی میں دہشت گردوں کے خلاف حکومت کے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اب کراچی کے عوام خود دیکھیں گے اور انہیں قاتلوں کے خلاف حکومتی ایکشن نظر بھی آئے گا۔انہوں نے کہا کہ حکومت، ڈرگ مافیا، لینڈ مافیا اور دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائی کررہی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔رحمان ملک نے کہا کہ کراچی پاکستان کی معاشی شہ رگ ہے اور حکومت، امن دشمن عناصر کو کراچی کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کرتی رہیں گی۔

## اے این پی اور حکومت کی قائم کردہ نام نہاد پیپلز امن کمیٹی کے دہشت گرد ضمنی انتخابات کے بائیکاٹ اور یوم سیاہ کے اعلان کے بعد سے کراچی میں معصوم شہریوں کا قتل عام کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ
## اے این پی اور لیاری گینگ میں ملوث نام نہاد پیپلز امن کمیٹی کے خونی کھیل کے نتیجے میں گزشتہ روز سے اب تک ایم کیو ایم کے کارکنوں سمیت درجنوں معصوم شہری شہید اور سینکڑوں زخمی ہوچکے ہیں
## اے این پی کی جانب سے دو روز قبل بھی بائیکاٹ اور ہتھیار اٹھانے کا اعلان کیا گیا تھا اور ان دہشت گردوں نے گزشتہ روز سے جس طرح شہر کو آگ اور خون میں نہلایا ہے وہ دنیا دیکھ رہی ہے
## حکومت خاموش تماشائی بن کر قتل وغارتگری کا یہ کھیل دیکھ رہی ہے اور قاتلوں کو تحفظ فراہم کررہی ہے

کراچی۔۔۔ 17 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں اے این پی اور لیاری گینگ میں ملوث حکومت کی قائم کردہ پیپلز امن کمیٹی کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں معصوم شہریوں کے قتل عام کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز اے این پی اور حکومت کی قائم کردہ پیپلز امن کمیٹی نے جب سے اورنگی ٹاؤن میں ہونے والے ضمنی انتخابات کے بائیکاٹ اور یوم سیاہ منانے کا اعلان کیا ہے اس اعلان کے فوری بعد سے اے این پی اور حکومت کی قائم کردہ پیپلز امن کمیٹی کے دہشت گردوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں موت کا خونی کھیل شروع کردیا ہے اور پورے شہر میں معصوم انسانوں پر آگ اور خون کی بارش شروع کردی تاکہ اس کے نتیجے میں شہر میں خوف پھیلے اور ضمنی انتخابات کو سبوتاژ کیا جاسکے۔ان سفاک اور مسلح دہشت گرد کل شام سے بسوں، گاڑیوں، راہگیروں، دکانوں، بازاروں اور عام شہریوں کو گولیوں کا نشانہ بنانا شروع کردیا ہے اور کئی گاڑیوں کو نذرآتش کیا۔اے این پی اور حکومت کی قائم کردہ پیپلز امن کمیٹی کی جانب سے یوم سیاہ کے دوران ہونے والے خونی کھیل کے دوران اندھادھند فائرنگ کے نتیجے میں گزشتہ روز سے اب تک ایم کیو ایم کے کارکنوں سمیت درجنوں معصوم شہری شہید اور سینکڑوں ہوچکے ہیں لیکن افسوس کہ شہریوں کو جان ومال کا تحفظ فراہم کرنے والا کوئی نہیں ہے اور حکومت خاموش تماشائی بن کر قتل وغارتگری کا یہ کھیل دیکھ رہی ہے اور قاتلوں کو تحفظ فراہم کررہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے این پی کی جانب سے دو روز قبل بھی بائیکاٹ اور ہتھیار اٹھانے کا اعلان کیا گیا تھا اور ان دہشت گردوں نے گزشتہ روز سے جس طرح شہر کو آگ اور خون میں نہلایا ہے وہ دنیا دیکھ رہی ہے کہ اے این پی اور حکومت کی قائم کردہ پیپلز امن کمیٹی معصوم وبے گناہ شہریوں کے قتل عام میں سو فیصد شریک ہے اور یہی دہشت گرد اس سے قبل بھی دہشت گردی کرتے رہے ہیں۔

## حق پرست امیدوار سیف الدین خالد ضمنی انتخاب میں 91712 ووٹ لیکر کامیاب

کراچی۔۔۔17/اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت کے باعث خالی ہونے والی پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر غیر سرکاری نتائج کے مطابق ایم کیو ایم کے نامزد امیدوار سیف الدین خالد نے 91712 ووٹ لیکر شاندار کامیابی حاصل کرلی جبکہ عوامی نیشنل پارٹی کے ریاض گل 292، آزاد امیدوار زینت یاسمین 100، آزاد امیدوار عبدالحق 90 اور ایک اور آزاد امیدوار مسعود عالم محض 57 ووٹ ہی لے سکے۔ اس ضمنی انتخاب میں بڑی تعداد میں ووٹرز نے اپنا حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ اس حلقے میں رجسٹرڈ ووٹروں کی کل تعداد 133150 ہے، اس طرح سیف الدین خالد نے تقریباً 65 فیصد ووٹرز کا حق رائے اپنے لئے حاصل کیا۔ اس سلسلے میں ووٹرز کے حق رائے دہی کے استعمال کیلئے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حلقے میں 86 پولنگ اسٹیشن قائم کیے تھے۔

## پی ایس 94 پر ایم کیو ایم کی روایتی سیٹ ہے ہمیں جیتنے کی خوشی ہے تو تیس افراد کی ہلاکت کا افسوس بھی ہے، فاروق ستار
## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔17/اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ضمنی انتخاب میں ہمیں جیتنے کی خوشی ہے تو 30 افراد کی ہلاکت پر زیادہ افسوس ہے لہٰذا قائد تحریک الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی نے شہر کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے کامیابی کا جشن کسی اور موقع پر چھوڑ دیا ہے۔ اتوار کی شب خورشید بیگم میموریل ہال میں حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی کامیابی کی خوشی میں جمع ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنوں کی ایک بڑی تعداد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 1988ء سے ایم کیو ایم پی ایس 94 پر واضح کامیابی حاصل کرتی آ رہی ہے شہر میں تیس افراد کی ہلاکت پر فضاء سوگوار اور حالات تشویشناک ہیں اور اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی نے شہر کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے کامیابی کا جشن کسی اور موقع پر چھوڑ دیا ہے اور جناب الطاف حسین عنقریب کارکنان سے خطاب کریں گے۔ انہوں نے کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ اس فتح کے موقع پر نعرے لگانے اور جشن بنانے سے گریز کریں ہم جیت گئے ہیں یہ خوشی کا موقع ہے لیکن صورتحال افسوسناک ہے، ہم خوش بھی ہیں اور غمزدہ بھی۔

## حلقہ پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کے حق پرست عوام نے بڑی تعداد میں گھروں سے نکل کر اے این پی کے بائیکاٹ اور یوم سیاہ کو مکمل طور پر مسترد کردیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

حلقہ پی ایس 94 کے عوام نے عوامی نیشنل پارٹی کے بائیکاٹ اور یوم سیاہ کو مکمل طور پر مسترد کردیا ہے۔ اس امر کے اظہار کیلئے اتوار کے روز حلقہ کے رائے دہندگان بڑی تعداد میں اپنے گھروں سے نکل آئے ہیں اور اپنے حق رائے دہی کا استعمال کر رہے ہیں۔ حلقہ کے بیشتر مرد و خواتین کے پولنگ بوتھوں پر رائے دہندگان کا ہجوم جمع ہوگیا تھا اور بڑی بڑی لائنیں لگ چکی تھیں اور یہ سلسلہ صبح 8 بجے سے شروع ہوگیا ہے۔ حلقہ انتخاب میں واقع علاقوں بلاک جے، امام کالونی، ہاشمی کالونی، اقبال بلوچ کالونی، رحیم شاہ کالونی، فیض عام کالونی، فرید کالونی، مصطفیٰ کالونی، مدینہ کالونی، الفتح کالونی، حسین آباد، محمد نگر، مہاجر چوک، معراج النبی کالونی، ہریانہ کالونی، بلاک ایل، بابا ولایت علی شاہ، بسم اللہ کالونی، قائم خانی کالونی، فقیر کالونی، ہزاروی محلّہ، شاہ محلّہ، محمد بلوچ محلّہ، نورانی محلّہ، حنیف آباد، غازی نگر، اکبر کالونی، صدیق اکبر کالونی اور ربی کالونی کے حق پرست ووٹرز نے بڑی تعداد میں اپنے گھروں سے بروقت نکل کر اپنا حق رائے دہی استعمال کر رہے ہیں۔ اس حلقہ میں رجسٹرڈ ووٹوں کی کل تعداد ایک لاکھ 33 ہزار 150 ہے جس میں مرد ووٹرز کی تعداد 80019 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 53131 ہے۔ الیکشن کمیشن نے پورے حلقہ انتخاب میں 86 پولنگ اسٹیشن قائم کئے تھے جس میں مردوں کیلئے 162 اور خواتین کیلئے 125 بوتھ موجود تھے۔ گزشتہ انتخابی ریکارڈ کے مطابق 1988ء میں اس حلقہ سے ایم کیو ایم کے عبدالرزاق خان نے 55127، 1990 میں بھی عبدالرزاق خان نے ہی 72838، 1993ء میں ایس محی الدین نے 58964، 1997ء ایس محی الدین نے ہی 52636، 2002ء میں عبدالقدوس نے 33250 اور 2008ء میں رضا حیدر شہید نے 79634 ووٹ لیکر شاندار کامیابیاں حاصل کر چکے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے پی ایس 94 کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن کے موقع پر حلقہ میں قائم کئے گئے ایم کیوایم کے مختلف انتخابی کیمپوں کا دورہ

## انتخابی عمل میں مصروف کارکنان کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بزردست خراج تحسین پیش کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے پی ایس 94 کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن کے موقع پر حلقہ میں قائم کئے گئے ایم کیوایم کے مختلف انتخابی کیمپوں کا دورہ کیا اور انتخابی عمل میں مصروف کارکنان کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بزردست خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر پی ایس 94 کی نشست پر نامزد ایم کیوایم کے حق پرست امیدوار سیف الدین خالد بھی موجود تھے۔مصطفیٰ کمال کے انتخابی کیمپوں پر پہنچنے پر مرد وخواتین ووٹرز کی بڑی تعداد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور قائدتحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔مصطفیٰ کمال نے انتخابی کیمپوں پر انتظامات کا جائزہ لیا اور اس پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔اس موقع پر عوام وکارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ایس 94 کی نشست پر تمام تر سازشوں کے باوجود فتح حق پرستوں کی ہی ہوگی اور انتخابی عمل کو دہشت گردی اور فائرنگ کے واقعات سے متاثر کرنے والے سازشی عناصر ناکام ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کی تمام تر کارروائیوں کے باوجود عوام نے ایم کیوایم پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے اور ضمنی الیکشن کے دن اپنے گھروں سے ہزاروں کی تعداد میں نکلے ہیں جو قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور نظریئے کی سچائی کا ایک اور ثبوت ہے۔

## حلقہ پی ایس 94 اورنگی کی نشست پر ضمنی انتخابات میں ووٹرز کا مختلف پولنگ اسٹیشنوں پر زبردست ہجوم

## صبح سے ہی پولنگ اسٹیشنوں پر نوجوانوں،خواتین کے علاوہ بزرگوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے

## نوجوانوں نے ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ اور قائدتحریک الطاف حسین کی تصاویر پر مشتمل بیجز بھی لگائے ہوئے تھے

کراچی(اسٹاف رپورٹر)

حلقہ پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر ہونے والے ضمنی انتخابات میں ووٹر کا ایک زبردست ہجوم ایم کیوایم کے انتخابی کیمپوں پر نظر آیا جن میں نوجوانوں کے علاوہ بزرگ اور خواتین کی تعداد بھی نمایاں ہیں۔پی ایس 94 کے مختلف علاقوں سے سوزوکیوں،رکشوں اور پرائیوٹ کاروں کے ذریعے ووٹرز کی پولنگ اسٹیشنوں پر آمد کا سلسلہ صبح سے ہی شروع ہوگیا ہے۔ایم کیوایم کے انتخابی کیمپوں پر ووٹر کی رہنمائی کی جارہی ہیں اور انہیں ووٹرز نمبر کے مطابق پرچیاں فراہم کی جارہی ہے جبکہ عوام کی جانب سے ووٹنگ کارڈ دکھا کر اپنے پولنگ بوتھ کی معلومات حاصل کی جارہی ہیں۔انتخابی کیمپوں پر آنے والے بزرگ،خواتین اور نوجوانوں نے ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصاویر پر مشتمل بیجز بھی لگائے ہوئے تھے۔ایم کیوایم کے انتخابی کیمپوں پر پہنچنے والے عوام نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اورنگی ٹاؤن کے عوام نے ہمیشہ قائدتحریک جناب الطاف حسین پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے اور ان کی جانب سے نامزد کردہ امیدوار ہی پی ایس 94 کی نشست پر ماضی میں بھی کامیابی حاصل کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی ایس 94 کی نشست پر ہونے والے ضمنی الیکشن کی ایم کیوایم کی جانب سے بھرپور انتخابی مہم چلائی گئی،ووٹرز کو گھر گھر ووٹنگ کارڈ پہنچائے گئے ہیں اور ان کی رہنمائی کیلئے آج بھی بڑے پیمانے پر انتخابی دفاتر قائم ہیں جس کے باعث ووٹرز کو پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑ رہا ہے۔ان کا کہنا تھا پولنگ کے دن دہشت گردی اور فائرنگ کے واقعات انتخابی عمل کو متاثر کرنے اور اورنگی ٹاؤن کے عوام کو خوفزدہ کرکے گھروں سے نہ نکلنے دینے کی گھناؤنی سازش ہے تاکہ ضمنی الیکشن میں عوام کا ووٹ بنک کم دکھایا جاسکے لیکن ووٹ قوم کی امانت ہے اور یہی سوچ کر ہم آج قائدتحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر تمام تر دہشت گردی کے باوجود اپنا ووٹ ڈالنے نکلے ہیں اور انتخابی نتائج ثابت کردیں گے کہ شکست خوردہ عناصر جتنی چاہے گھناؤنی سازشیں کرلیں لیکن وہ اورنگی ٹاؤن کے عوام کے دلوں کو فتح نہیں کرسکتے۔

## پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کے ضمنی الیکشن میں ملت کالونی کی رہائشی ایک 110 سالہ ضعیف خاتون نے شدید علالت کے باوجود بھی اپنا حق رائے دہی استعمال کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کے ضمنی الیکشن میں ملت کالونی کی رہائشی ایک 110 سالہ ضعیف خاتون نے شدید علالت کے باوجود بھی اپنا حق رائے دہی استعمال کیا یہ ضعیف خاتون اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے ایمبولینس کے ذریعے فاطمہ جناح اسکول کے پولنگ اسٹیشن پہنچی تو دو افراد انہیں اپنے ہاتھوں میں اٹھائے ہوئے تھے، انہیں پولنگ عملے کے پاس لیجایا گیا جہاں انہوں نے انتخابی طریقہ کار پورا کر کے اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔ اس موقع پر ضعیف خاتون نے ایم کیو ایم کے حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کے سر پر ہاتھ رکھا اور ان کی کامیابی کیلئے دعائیں کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اس وقت سے جانتی ہوں جب وہ اپنی تحریک کے ابتدائی ایام میں تھے وہ جس مشن، مقصد اور نظریئے کے فروغ کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں وہ برحق اور سچائی پر مبنی ہے یہی وجہ ہے کہ میں آج اپنی ضعیف العمری اور شدید علالت کے باوجود اپنا ووٹ کاسٹ کرنے آئی ہوں۔

## اورنگی ٹاؤن پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب ایم کیو ایم نے ہیلپ لائن سینٹر قائم کر دیا
## عوام کی بہت بڑی تعداد نے ہیلپ لائن پر فون اور ایس ایم ایس کے معلوم حاصل کی
## شناختی کارڈ کی مدد سے ووٹر کی مکمل معلومات اور ووٹر نمبر، بوتھ اور پولنگ اسٹیشن حاصل کیا جاسکتا ہے

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر)

پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن میں اتوار کے روز ہونے والے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں مرکزی الیکشن سیل متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ووٹر ہیلپ لائن سینٹر کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جہاں سے عوام کسی بھی وقت ضمنی انتخاب سے متعلق مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور اب آئندہ ماضی کی طرح انتخابات میں ووٹر زلسٹ دیکھنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز اورنگی ٹاؤن کے تمام پولنگ کیمپوں میں الیکشن سیل ہیلپ لائن نمبر آویزاں کر دیئے گئے جہاں لوگوں کی بہت بڑی تعداد نے ان نمبروں پر ٹیلی فون اور موبائل ایس ایم ایس کے ذریعے نہ صرف اپنا ووٹر نمبر حاصل کیا بلکہ وقتاً فوقتاً عوام کی بہت بڑی تعداد نے ہیلپ لائن سے پولنگ کی صورتحال بھی معلوم کیں۔ ووٹرز کی رہنمائی کیلئے اور سینٹر پر آئی ٹی کے ماہرین موجود تھے۔ جس کے باعث سخت دھوپ اور گرمی میں ووٹرز کو اپنا ووٹ کاسٹ کرنے میں نہ تو کوئی پریشانی ہوئی اور نہ ہی کوئی دشواری پیش آئی اور انہیں اپنا ووٹر نمبر، بوتھ نمبر اور پولنگ اسٹیشن کی تمام معلوم بروقت فراہم کر دی گئی۔ مرکزی الیکشن سیل متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے بنایا جانے والا Voters Helpline Soft-ware صرف 7 سیکنڈ میں شناختی کارڈ کے نمبر کی مدد سے ووٹر کا ووٹ نمبر اور پوری معلومات بتا سکتا ہے۔

## ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن محمد وقاص کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن ۔۔۔ 17/ اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 115 کے کارکن محمد وقاص کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد وقاص شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد وقاص شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔17/ اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن اشرف کے بھائی معین الدین قریشی، ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے جوائنٹ یونٹ انچارج محمد عاصم کے بھائی مسرت حسین، کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن اور سابق حق پرست کونسلر نعیم کی ہمشیرہ سائرہ بانو اور ایم کیو ایم اورنگی سیکٹر یونٹ 118-A کے کارکن سیّد صابر کے والد سیّد محمد علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆